لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الاول ۱۳۳۴ھ مطابق ۶ مارچ ۱۹۱۶ء	نمبر ۱۰

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۰ فروری ۱۹۱۶ء

مشمولہ مثل رپورٹ تحصیلدار حضور تحصیل دربارہ تعین مقدار رسوم درخواست عذرداری۔

تحصیلدار صاحب حضور تحصیل نے اجراء ڈگری کی عذرداری کی درخواست کے رسوم کے متعلق استصواب کیا تھا۔ ناظم صاحب نے دیگر تحصیلات کا طرز عمل معلوم کیا جوابات سے ظاہر ہے کہ جملہ تحصیلات کا طرز عمل جداگانہ ہے۔ حالانکہ یکساں ہونا چاہیے۔ مختلف مقدار رسوم

درخواستین عذرداری کی لیکر شامل نالش اجرا یکجائی ہین۔ حالانکہ دفعہ ۲۳۴ دستور عامدیہ کے موافق قبل از نیلام اسکا دعوے موافق نمبرہ ضمیمہ اول بنام بناد نالش واگذاشت مقروقہ باعتبار مالیت رسوم لگاکر دائر ہونا چاہیے۔

جبکہ چارہ کار قانونی موجود ہو تو بخلاف قانون درخواست عذرداری لینے کی کیا ضرورت۔

دستور عامدیہ کے دستور دوم کی فصل دوم دفعہ ۱۹ کی یہ الفاظ ہین (جو نالشات اور درخواستین جو ذیل مین درج ہین سوائے عدالت ہائے مال کے کسی دوسری عدالت مین قابل سماعت نہونگی)۔

اس دفعہ کے حرف (ف) مین نالش واگذاشت مقروقہ دفعہ ۲۳۴ والی جس کا ذکر اوپر ہوا ہے۔ مندرج ہے۔ لیکن دفعات ۲۳۱ و ۲۳۲ و ۲۳۳ مین باپتہ نالش ہر جہ بعدالت کرکے لکھا ہے۔ کہ احکام جو ان دفعات کے متعلق کسی عدالت سے صادر ہون۔ وہ قابل اپیل نہین ہونگی۔ البتہ جس فریق کے خلاف حکم ہوا ہے اسکو استحقاق ہے۔ کہ عدالت دیوانی مین ایک سال کے اندر تاریخ حکم سے بوجہ دلانے نالش دائر کرے۔

ناظم صاحب نے دفعہ ۱۹ اور دفعہ ۲۳۴ کی عبارت کا تناقض دکھاکر ترمیم کی رپورٹ کی ہے۔

تناقض بادی النظر مین ضرور معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ ناظم صاحب نے لکھا ہے۔ دراصل اگر بنظر تامل دیکھا جائے۔ تو دفعہ ۲۳۴ مین ہرجہ کی نالش کی ہدایت ہے نہ کہ نالش واگذاشت مقروقہ۔

چونکہ نوعیت نالش مغائر ہے۔ لہذا جو تناقض کہ دکھایا گیا ہے ٹھیک نہین۔ چونکہ سطور بالا مین ایک صورت توضیح قانون کی ہے۔

لہذا حکم ہوا۔

اطلاعاً ایک نقل اسکی جملہ تحصیلات و نظامت کو مرسل ہو۔ ایک نقل دفتر گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

ملخص احکام اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ فروری ۱۹۱۶ء

منشی رضی علی پیشکار اجلاس کی رخصت آٹھ یوم من ابتدا ۲۲ فروری ۱۹۱۶ء مع اجازت ایام تعطیلات تین یوم بوجہ شرکت عرس منظور کی گئی۔ ایام رخصت مین محمد مشتاق حسن خان پیشکار اجلاس کام انجام دینگے۔

۲۶ فروری ۱۹۱۶ء

حسب پیشی رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مصدقہ ناظم صاحب رخصت دو ہفتہ غلام حسن خان اہلمد سر سری حضور تحصیل بوجہ علالت بعوض مراری لال ۱۷ فروری سے بحال سے منظور کی گئی۔

تبادلہ

۲۴ فروری ۱۹۱۶ء

بر بنائے رپورٹ تحصیلدار ملک مشرا مستدعا تبادلہ محمد اسحاق محرر مال تحصیل بوجہ علالت کثیر و عدم موافقت آب و ہوا حسب رپورٹ منصرم دفتر صاحب مصدقہ حاکم صاحب صدر در بارہ تبدیلی جگن لال اہلمد ملازمان صدر بوجہ ہوشیاری و اطاعت شعاری و ملازمت دیرینہ و کرنے کام قابل اطمینان و تجربہ و خوشخطی۔ تبادلہ ہر دو اہلکاران بہ تنخواہ خود با منظور کیا گیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۰ فروری لغایت ۶ مارچ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ سار	۷ سار		۰۶ سار		۷ سار	
نخود خالص	۱۰ سار	۰۱۰ سار		۱۰ سار		۱۰ سار	
نخود کسہ آمیز	۰۱۰ سار	۱۱ سار		۰		۱۰۱ سار	
کسہ	۰۱۰ سار	۰		۰		۱۲ سار	
ماش	۷ سار	۸ سار		۰۷ سار		۰۷ سار	
مونگ	۷ سار	۸ سار		۰۷ سار		۰۷ سار	
مکا	۱۳ سار			۰۱۳ سار		۱۳ سار	
جئی	۱۲ سار	۰		۱۲ سار		۱۲ سار	
گوجئی	۱۱ سار	۹ سار				۰۱۰ سار	
علسی	۰	۰		۰		۰	
ارہر	۰	۰		۸ سار		۰	
برنج	۶ سار	۰		۶ سار		۶ سار	
روغن زرد	۱۰ سار	۱ سار		۱۰ سار		۱۰ سار	
روغن سیاہ	۰۳ سار	۳ سار		۳ سار		۰۳ سار	
روغن کنجد	۱ سار	۲ سار		۱۰۱ سار		۱ سار	
نمک سانبہر	۱۰ سار	۱۳ سار		۱۰ سار		۱۲ سار	
نمک لاہوری		۱۲ سار		۸ سار		۱۳ سار	
قند سیاہ	۰۵ سار	۶ سار		۵ سار		۶ سار	
باجرہ	۱۰ سار	۰۱۰ سار		۱۰ سار		۱۱ سار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور